بچوں کے لیے قرآنی معلومات

ترتیب و تزئین

ایس ایم نعمان عزیز خان

تالیف

ڈاکٹر نوشابہ کھوکھر

سوال: "تَعَوُّذ" اور "اِسْتِعَاذَہ" کسے کہتے ہیں؟

جواب:اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم "کو"تَعَوُّذ"اور"اِسْتِعَاذَہ "کہتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال:تَسمِیه یا بَسمَلَه کسے کہتے ہیں؟

جواب: "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمُ" پڑھنے کو تسمیہ یا بسملہ کہتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں اسم "اللہ" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب:2699 مرتبہ

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں "بَسمَلَہ" کتنی سورتوں کے آغاز میں موجود ہے؟

جواب:113 سورتوں کے آغاز میں۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں اللہ کا صفاتی نام "العزیز" کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب:89 مرتبہ

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی سورتوں کے نام کس نے رکھے؟

جواب: اللہ تعالی نے حضرت جبرئیل کو اور انہوں نے نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو سکھائے اور نبی کریم نے وحی کی کتابت کرنے والے اصحاب کو اس کی تعلیم دی اور یوں یہ امت مسلمہ کو معلوم ہوئے۔

☆☆☆☆☆

سوال: "السَّبْعُ الطِّوَالُ" کسے کہتے ہیں؟

جواب: سات لمبی سورتیں:

بقرہ، آل عمران، نساء، مائدہ، انعام، اعراف اور یونس۔

☆☆☆☆☆

سوال: کیا قرآن کی تلاوت سے پہلے تعوذ پڑھنا ضروری ہے؟

جواب: جی ہاں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

۔جب تم قرآن مجید پڑھنے لگو تو اللہ تعالی کی پناہ مانگا کرو شیطان مردود کے شر سے۔

☆☆☆☆☆

سوال: "فاتحۃ" کا مطلب کیا ہے؟

جواب: کھولنے والی، آغاز کرنے والی، ابتدا کرنے والی

☆☆☆☆☆

سوال:"الحمد" سے شروع ہونے والی پانچ سورتیں کون سی ہیں؟

جواب:الفاتحہ۔الانعام۔سبا۔الفاطر۔الکھف۔

☆☆☆☆☆

سوال:اللہ کے دو صفاتی نام العزیزُ الرحیم کا مطلب کیا ہے؟

جواب:غالب طاقتور اور نہایت رحم کرنے والا

☆☆☆☆☆

سوال:نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کی پہلی سورت کے کیا نام بتائے؟

جواب: آپ نے فرمایا:یہ "اُمُّ القرآن" ہے،یہ "فاتِحَۃُ الکِتَاب" ہے اور یہ "السَّبعُ المَثَانی" ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال:"البَقَرۃ" کسے کہتے ہیں؟

جواب: گائے کو۔

☆☆☆☆☆

سوال:نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے "سَنَامُ القُرآنِ"(قرآن کی چوٹی،بلندی،شرف،عظمت) کس سورت کو قرار دیا؟

جواب:سورۃ البقرۃ کو

☆☆☆☆☆

سوال: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کن سورتوں کو "الزّھرَاوَین" کہا؟

جواب: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: الزھراوین کی تلاوت کیا کرو: البقرۃ اور آل عمران کی۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ البقرۃ کی کس آیت میں پہلی مرتبہ اسم "اللہ" وارد ہوا ہے؟

جواب: ساتویں آیت میں۔ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ عَلٰى سَمْعِهِمْ (7) "اللہ نے اُن کے دِلوں پر اور کانوں پر مہر کر دی۔"

☆☆☆☆☆

سوال: اپنی خوشی سے بھلائی کرنے والے کے ساتھ اللہ تعالی کیسا معاملہ کرتا ہے؟

جواب: وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ (البقرۃ: 158)

" اور جو شخص خوشی سے کوئی بھلائی کا کام کرے تو اللہ یقیناً قدر دان (اور) جاننے والا ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: سورت "آل عمران" کا نام کس کی طرف رہنمائی کرتا ہے؟

جواب: اللہ کی قدرت جو عمران کے ہاں ولادت مریم علیہا السلام اور ان کے بیٹے حضرت عیسی علیہ السلام سے ظاہر ہوئی۔

☆☆☆☆☆

سوال: عمران کون تھا؟

جواب: حضرت مریم علیہا السلام کے والد۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الطلاق کو اور کس نام سے پکارا جاتا ہے؟

جواب: سورۃ النساء الصغری۔

☆☆☆☆☆

سوال: کیا سُورَۃُ النِّسَاءِ کا کوئی دوسرا نام بھی ہے؟

جواب: جی نہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ النساء میں پہلی مرتبہ اسم "اللہ" کس آیت میں آیا ہے؟

جواب: پہلی آیت میں۔ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَ الْاَرْحَامَ ؕ(۱) "اور اللہ سے ڈرو جس کے نام پر مانگتے ہو اور رشتوں کا لحاظ رکھو۔"

☆☆☆☆☆

سوال: "المائدۃ" کسے کہتے ہیں؟

جواب: خوان نعمت، دستر خوان، کھانا

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ "الاَنعام" کا نام لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟

فرمایا: "مجھ پر پوری سورت الانعام یکبار گی نازل ہوئی"۔

☆☆☆☆☆

سوال: "اَلْاَنعَام" کسے کہتے ہیں؟

جواب: اونٹوں، گایوں بھینسوں اور بھیڑ بکریوں کو۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الاعراف کا نام کس آیت میں موجود ہے؟

جواب: وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا بِسِيْمٰهُمْ۔ (الاعراف:46) "اور جنت و دوزخ کے بیچ میں ایک پردہ ہے اور اعراف پر کچھ مرد ہوں گے جو دونوں فریق (جنتی اور جہنمی) کو ان کی پیشانیوں سے پہچانیں گے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: سورت توبہ کے شروع میں بسم اللہ کیوں موجود نہیں؟

جواب: 1۔ اس سورت کے آغاز میں اللہ نے بسملہ نازل نہیں فرمائی۔

2۔ کیونکہ اس کی پہلی آیت مشرکین سے بیزاری کے اظہار میں ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ التوبۃ میں کس کی توبہ قبول ہونے کی خبر ہے؟

جواب:غزوہ تبوک میں پیچھے رہ جانے والے صحابہ کرام: کعب بن مالک،مرارۃ بن الربیع اور ھلال بن امیۃ رضوان اللہ علیھم اجمعین

☆☆☆☆☆

سوال:کس قوم کو ایمان نے نفع دیا؟

جواب:فَلَوْ لَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ط-(یونس:98)"پھر قومِ یونس (کی بستی) کے سوا کوئی اور ایسی بستی کیوں نہ ہوئی جو ایمان لائی ہو اور اسے اس کے ایمان لانے نے فائدہ دیا ہو۔"

☆☆☆☆☆

سوال:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس دعا کو اسم اعظم قرار دیا؟

جواب:حضرت یونس کی دعا کو:"لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ""تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو ہر عیب سے پاک ہے، بیشک مجھ سے بے جا ہوا۔"

☆☆☆☆☆

سوال:سورت ھود میں کون کون سے انبیاء کے نام آئے ہیں؟

جواب:موسیٰ، اِبراھیم، نُوح، لُوط، شُعَیب، صالح، اور ھُود علیھم السلام

☆☆☆☆☆

سوال: کن سورتوں کے نزول نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بوڑھا کر دیا؟

جواب: سورة هود. سورة الواقعة. سورة المرسلات. سورة عم يتساءلون. سورة الشمس.

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ یوسف میں حضرت یوسف علیہ السلام کا نام مبارک کتنی بار آیا ہے؟

جواب: 25 سے زائد مرتبہ

☆☆☆☆☆

سوال: اللہ تعالی نے کس سورت کو "اَحسَنُ القَصَص" قرار دیا؟

جواب: سُورَۃ یُوسُف

☆☆☆☆☆

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ مکرمہ کے لیے کیا دعا کی؟

جواب: وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ

(ابراهيم:35)

"اور جس وقت ابراہیم نے کہا اے میرے رب! اس شہر کو امن والا کر دے اور مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے بچا۔"

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ الحشر میں حشر سے کون سا معنیٰ مراد ہے؟

جواب:عہد نبوی میں ہجرت کے چوتھے سال یہودی قبیلے بنو نضیر کو مدینہ منورہ سے بے دخل کر کے شام کی طرف بھیجنا۔

☆☆☆☆☆

سوال:اللہ نے شہد کی مکھی کو کیا الہام کیا؟

جواب:وَأَوۡحَىٰ رَبُّكَ إِلَى ٱلنَّحۡلِ أَنِ ٱتَّخِذِي مِنَ ٱلۡجِبَالِ بُيُوتٗا وَمِنَ ٱلشَّجَرِ وَمِمَّا يَعۡرِشُونَ(النحل:68)

"آپ کے رب نے شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ پہاڑوں میں درختوں اور لوگوں کی سہاروں سے چڑھائی ہوئی اونچی اونچی بیلوں میں اپنے گھر (چھتے) بنا۔"

☆☆☆☆☆

سوال:اصحاب کہف کس نبی کی قوم کے افراد تھے؟

جواب:حضرت عیسی بن مریم علیہما السلام

☆☆☆☆☆

سوال:آپ دجال سے بچنا چاہتے ہیں؟

جواب:حدیث نبوی ہے:جس نے سورت کہف کی پہلی دس آیات حفظ کیں وہ دجال سے محفوظ رہے گا۔

☆☆☆☆☆

سوال: فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق دو جمعوں کے درمیان نور کس کے لیے روشن ہوتا ہے؟

جواب: جمعہ کے دن سورۃ کہف کی تلاوت کرنے والے کے لیے۔

☆☆☆☆☆

سوال: حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے شیر خوارگی کی عمر میں کیا کلام کیا؟

جواب: قَالَ اِنِّیْ عَبْدُ اللّٰهِ اٰتٰنِیَ الْكِتٰبَ وَ جَعَلَنِیْ نَبِیًّا (مریم:30)

"فرمایا بیشک میں اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب دی ہے اور مجھے نبی بنایا ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ سے رب کی کون سی صفت بیان کی؟

جواب: قَالَ سَلٰمٌ عَلَیْكَ-سَاَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّیْؕ-اِنَّهٗ كَانَ بِیْ حَفِیًّا (مریم:47)

"کہا بس تجھے سلام ہے قریب ہے کہ میں تیرے لیے اپنے رب سے معافی مانگوں گا، بیشک وہ مجھ پر بڑا مہربان ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: سورت طٰہٰ کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: سورۃ الکلیم

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الانبیاء میں کتنے انبیاء کا تذکرہ ہے؟

جواب: 16 انبیائے کرام علیھم السلام کا

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی بائیسویں سورت کا نام "الحج" کیوں ہے؟

جواب: اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا لوگوں کو حج کی دعوت دینے، مناسک حج اس کے منافع اور فضائل کا ذکر ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ المومنون کا نام کس نسبت سے ہے؟

جواب: سورت کی ابتدائی دس آیات میں فلاح پانے والے مومنین کی صفات بیان ہوئی ہیں۔

☆☆☆☆☆

جنت کے وارثین کی صفات بتایئے؟

1۔ نماز میں خشوع

2۔ لغویات سے اعراض

3۔ زکوۃ کی ادائیگی

4۔ شرمگاہوں کی حفاظت (ماسوائے بیوی اور لونڈی)

5۔امانتدار

6۔عہد کے پاسدار

7۔پابندی سے نماز کی ادائیگی کرنے والے۔**(المومنون)**

☆☆☆☆☆

سوال:اللہ تعالی کے چھ صفاتی نام والی آیت بتائیے۔

غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَ قَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ۙ-ذِى الطَّوْلِ ؕ-لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ-اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ(مومن:3)

گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب کرنے والا بڑے انعام والا اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کی طرف پھرنا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال:قرآن مجید کی چوبیسویں سورت کانام کیاہے؟

سُورَۃُالنُّور

☆☆☆☆☆

سوال:حق اور باطل میں فرق کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب:"فرقان"

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ الفرقان کی پہلی آیت کون سی ہے؟

جواب:تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَى عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيراً(الفرقان:1)وہ بڑی برکت والا ہے جس نے اپنے بندے پر قرآن نازل کیا تا کہ تمام جہان کے لیے ڈرانے والا ہو۔

☆☆☆☆☆

سوال:شعراء کی مذمت میں اللہ تعالی نے کیا فرمایا؟

1۔وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُوْنَ اور شاعروں کی پیروی تو گمراہ ہی کرتے ہیں۔2۔اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ وہ ہر میدان میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔3۔وَاَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ وہ جو کہتے ہیں اس پر عمل نہیں کرتے **(الشعراء)**

☆☆☆☆☆

سوال:رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسلام کی اعلانیہ تبلیغ کی ابتدا کے لیے کیا حکم ملا؟

جواب:وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ (الشعراء:214)"اور اپنے قریب کے رشتہ داروں کو ڈرا۔"

☆☆☆☆☆

سوال:"اَلشُّعَرَاءُ"کا مطلب کیا ہے؟

جواب:اَلشَّاعِرُ کی جمع الشعراء ہے۔یعنی شاعری کرنے والے۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃالشعراء میں کتنے قصے بیان ہوئے ہیں؟

جواب:سات قصے :قصہ موسیٰ اور جادو گر۔قصہ اِبراھیم،نوح،ھود،صالح،لوط اور شعیب علیھم السلام اور ان کی قوم۔

☆☆☆☆☆

سوال:اللہ تعالی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دعوت دین کے سلسلے میں کیا ہدایت کی؟

جواب:وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ(الشعراء:217)

"اور زبردست رحم والے پر بھروسہ کر۔"

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃالشعراء میں سات مرتبہ کون سی آیات کی تکرار ہے؟

جواب:اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ(8)"البتہ اس میں بڑی نشانی ہے،اور ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں۔"وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ(9)"اور بے شک تیرا رب زبردست رحم کرنے والا ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال:حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں کون سی سورتوں کو"طواسین"پکارا گیا؟

جواب:سورۃالشعراء اور سورۃالقصص:ان کی ابتدا"طسم"سے اور سورۃالنمل کی ابتدا"طس"سے ہوئی۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی چھبیسویں سورت کا نام کیا ہے؟

جواب: الشُّعَرَاء

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ النمل میں کون سے قصوں کا بیان ہے؟

جواب: حضرت موسی وادی مقدس طوی میں، حضرت سلیمان کا چیونٹیوں کے علاقے سے گزر، ہدہد اور ملکہ سبا، حضرت صالح اور حضرت لوط علیہم السلام کے قصے۔

☆☆☆☆☆

سوال: "سورۃ النمل" کے دوسرے نام کون سے ہیں؟

جواب: "سورۃ الهُدهُد" اور "سورۃ سُلیمان"۔

☆☆☆☆☆

سوال: اللہ تعالی نے حضرت موسی علیہ السلام کو کوہ طور پر کیا تعارف دیا؟

يَا مُوسَىٰ إِنَّهُ أَنَا اللَّهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ (۹ النمل) "اے موسی یہ میں ہی ہوں اللہ غالب حکمت والا۔"

☆☆☆☆☆

سوال: عنکبوت کا معنی کیا ہے؟

جواب: مکڑا۔ مکڑی

☆☆☆☆☆

سوال: اللہ کے سوا اور مدد گار بنار کھنے والوں کی مثال کس جیسی ہے؟

جواب: مَثَلُ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَوْلِیَآءَ کَمَثَلِ الْعَنْکَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَیْتًا ؕ وَ اِنَّ اَوْہَنَ الْبُیُوْتِ لَبَیْتُ الْعَنْکَبُوْتِ ۘ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ (العنکبوت:41)

"ان کی مثال جنھوں نے اللہ کے سوا اَور مالک بنا لیے ہیں مکڑی کی طرح ہے اس نے جالے کا گھر بنایا اور بے شک سب گھروں میں کمزور گھر مکڑی کا گھر کیا اچھا ہوتا اگر جانتے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ العنکبوت کی آیت نمبر 41 میں مکڑی کا ذکر ہے یا مکڑے کا؟

جواب: کَمَثَلِ الْعَنْکَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَیْتًا ؕ (العنکبوت:41) مکڑی کی طرح ہے اس نے جالے کا گھر بنایا۔ مذکر کے لیے "اِتَّخَذَ" جب کہ مونث کے لیے "اِتَّخَذَتْ" استعمال ہوتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر روم کے بارے میں کیا پیشینگوئی نازل ہوئی؟

جواب: غُلِبَتِ الرُّوْمُ (الروم:2)

"روم مغلوب ہو گئے" (فارس یعنی ایرانی سلطنت سے)۔

☆☆☆☆☆

قرآن مجید کی تیسویں سورت کس قوم کے نام پر ہے؟

جواب:"روم" جسے

"رومان" یا

"رومن" بھی پکارا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: کیا مشہور "آیت فطرت" سورۃ الروم میں ہے؟

جواب: جی ہاں:

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا-فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا-لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ-ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ-وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (الروم:30)

تو ہر باطل سے الگ ہو کر اپنا چہرہ اللہ کی اطاعت کیلئے سیدھا رکھو۔ (یہ) اللہ کی پیدا کی ہوئی فطرت (ہے) جس پر اس نے لوگوں کو پیدا کیا۔ اللہ کے بنائے ہوئے میں تبدیلی نہ کرنا۔ یہی سیدھا دین ہے مگر بہت سے لوگ نہیں جانتے۔ ☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی اکتسویں سورت کس کے نام سے موسوم ہے؟

جواب: حضرت لقمان رحمہ اللہ علیہ۔ وہ اللہ کے برگزیدہ بندے تھے۔

☆☆☆☆☆

سوال: کیا حِکمت اور شُکر لازم وملزوم ہیں؟

جواب: جی ہاں

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ اَنِ اشْكُرْ لِلّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۖ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ حَمِيْدٌ (لقمان12) "اور ہم نے لقمان کو دانائی عطا فرمائی کہ اللہ کا شکر کرتے رہو، اور جو شخص شکر کرے گا وہ اپنے ذاتی نفع کے لیے شکر کرتا ہے، اور جو ناشکری کرے گا تو اللہ بے نیاز خوبیوں والا ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: کیا قلم اور سیاہی کی اہمیت قیامت تک رہے گی؟

جواب: جی ہاں سورۃ لقمان میں ہے: وَلَوْ اَنَّمَا فِى الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٝ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (27) اور اگر زمین میں جو درخت ہیں وہ سب قلم ہو جائیں اور دریا سیاہی اس کے بعد اس دریا میں سات اور دریا سیاہی کے آملیں تو بھی اللہ کی باتیں ختم نہ ہوں، بے شک اللہ زبردست حکمت والا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ لقمان کی کس آیت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مفاتیح الغیب خمس (غیب کی پانچ کنجیاں) قرار دیا؟

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِى الْاَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِىْ نَفْسٌ بِاَىِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ (لقمان:34)

بے شک اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے، اور وہی مینہ برساتا ہے، اور وہی جانتا ہے جو کچھ ماؤں کے پیٹوں میں ہوتا ہے، اور کوئی نہیں جانتا کہ کل کیا کرے گا، اور کوئی نہیں جانتا کہ کس زمین پر مرے گا، بے شک اللہ جاننے والا خبر دار ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورت سجدہ کا ایک اور نام "سورۃ المضاجع" کیوں ہے؟

جواب: اس کی ایک آیت میں لفظ (المضاجع: خوابگاہیں) آیا ہے: تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ (السجدۃ:16) "ان کے پہلو بچھونوں سے الگ رہتے ہیں۔ وہ خوف اور امید سے اپنے رب کو پکارتے ہیں' اور وہ ہماری دی ہوئی چیزوں میں سے بعض کو خرچ کرتے ہیں۔"

☆☆☆☆☆

سوال: آیتوں سے نصیحت حاصل نہ کرنے والوں کا کیا ہو گا؟

جواب: وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ ثُمَّ أَعْرَضَ عَنْهَا إِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِينَ مُنتَقِمُونَ (سجدة 22) "اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون جس کو اس کے پروردگار کی آیتوں سے نصیحت کی جائے تو اُن سے منہ پھیر لے۔ ہم گنہگاروں سے ضرور بدلہ لینے والے ہیں۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن اور نماز میں سجدہ کس چیز کی علامت ہے؟

جواب: تواضع، انکساری عاجزی، خضوع اور تذلل کی سب حالتیں صرف اللہ کے لیے۔

☆☆☆☆☆

سوال: نبی کریم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز میں کس سورت کی تلاوت فرماتے؟

جواب: سورۃ "الم تنزیل السجدۃ"

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الاحزاب کا نام کس آیت سے ماخوذ ہے؟

جواب: يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ يَذْهَبُوْا (الاحزاب:20) "وہ لشکروں کے بارے میں سمجھتے ہیں کہ ابھی وہ گئے نہیں ہیں۔"

☆☆☆☆☆

سوال:غزوہ احزاب کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب:غزوہ خندق

☆☆☆☆☆

سوال:احزاب کا مطلب کیا ہے؟

جواب: حِزب کی جمع اَحزاب ہے مطلب:اعوان وانصار

☆☆☆☆☆

سوال:قوم سبا کے مسکن میں ان کی ہدایت کے لیے کیا نشانی رکھی گئی تھی؟

لَقَدْ كَانَ لِسَبَإٍ فِي مَسْكَنِهِمْ آيَةٌ جَنَّتَانِ عَن يَمِينٍ وَشِمَالٍ كُلُوا مِن رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَرَبٌّ غَفُورٌ(سورة سبا:15) "حقیقت یہ ہے کہ قومِ سبأ کیلئے خود اُس جگہ ایک نشانی موجود تھی جہاں وہ رہا کرتے تھے، دائیں اور بائیں دونوں طرف باغوں کے دو سلسلے تھے !:"اپنے پروردگار کا دیا ہوا رزق کھاؤ، اور اُس کا شکر بجالاؤ۔ ایک تو شہر بہترین، دُوسرے پروردگار بخشنے والا"!

☆☆☆☆☆

سوال:قوم "سبا" نے یمن میں مشہور زمانہ بند تعمیر کیا، اس کا نام کیا ہے؟

جواب:"سدّ مارِب"

☆☆☆☆☆

سوال: کلمہ "سبا" والی آیات کا عددی عجوبہ بتائیے؟

کلمہ سبا والی سورت اور آیت کے نمبر کو جمع کریں تو حاصل عدد 49 آتا ہے۔

سورۃ النمل:

+22=4927

سورۃ سبا:34+15=49

☆☆☆☆☆

سوال: قوم سبا نے کفران نعمت کیا اور انبیاء کو جھٹلایا تو کیا سزا ملی؟

جواب: فَأَعْرَضُوا فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنَاهُم بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ أُكُلٍ خَمْطٍ وَأَثْلٍ وَشَيْءٍ مِّن سِدْرٍ قَلِيلٍ (سبا:16) پس انہوں نے روگردانی کی تو ہم نے ان پر بند توڑ سیلاب چھوڑ دیا اور ان کے ان دو باغوں کو ایسے دو باغوں سے بدل دیا جن کے پھل بدمزہ تھے اور جھاؤ کے کچھ درخت اور کچھ تھوڑی سی بیریاں۔

☆☆☆☆☆

سوال: "سبا" کا نام قرآن مجید میں کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: دو سورتوں میں

1۔ سورۃ النمل:22

2۔ سورۃ سبا:15

☆☆☆☆☆

سوال:"سبا" کس کا نام ہے؟

جواب: نبی کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا: "سبا ایک مرد تھا جس کے دس بیٹے تھے، چھ یمن میں اور چار شام میں آباد ہو گئے تھے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ سبا میں "سیلُ العَرِم" کسے کہا گیا ہے؟

جواب: عَرِم سد (بند / ڈیم) کو کہتے ہیں۔ سیل العرم اس سیلاب کو کہا گیا ہے جو سدِّ مارِب کے ٹوٹنے سے آیا تھا۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی پینتیسویں سورت کس کے نام پر ہے؟

اللہ تعالی کے صفاتی نام "فاطر" پر

☆☆☆☆☆

سوال: ملائکہ کے پنکھ (بازو) ہوتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔

جَاعِلِ الْمَلَائِكَةِ رُسُلًا أُولِي أَجْنِحَةٍ مَّثْنَىٰ وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ ۚ **(فاطر:1)** "(اللہ) ملائکہ کو اپنا پیغامبر بنانے والا ہے وہ ملائکہ جن کے پر دو دو تین تین اور چار چار ہیں۔"

☆☆☆☆☆

سوال: کیا ملائکہ کے پنکھ (بازو) چار سے زیادہ بھی ہو سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔

يَزِيدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَاءُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (فاطر: 1) وہ خلقت میں جس قدر چاہتا ہے اضافہ کر دیتا ہے بیشک وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: فَاطِرٌ کا کیا معنی ہے؟

جواب: بنانے والا۔

پیدا کرنے والا

مخترع۔ پہلے پہل ایجاد کرنے والا۔ بغیر نمونے کے پیدا کرنے والا

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی واحد سورت جس میں حروف مقطعات "یس" آئے ہیں؟

جواب: سورۃ یس

☆☆☆☆☆

سوال: کیا اللہ تعالی کسی چیز کو دوبارہ پیدا کر سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں۔

اَوَ لَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ۟ بَلٰی ۗ وَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ (یسین:81) کیا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا وہ ان کی جیسی مخلوق پیدا کرنے پر قادر نہیں! ہاں وہ قادر ہے اور وہی اصل پیدا کرنے والا اور جاننے والا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الصافات میں کون سا ایسا قصہ ہے جو کسی دوسری سورت میں نہیں؟

جواب: حضرت ابراھیم کا خواب میں حضرت اسماعیل کو اللہ کے حکم پر ذبح کرنے کا قصہ

☆☆☆☆☆

سوال: ایک حرف تہجی سے شروع ہونے والی سورتیں کون سی ہیں؟

جواب: 1۔ سورۃ ص۔

2۔ سورۃ ق۔

3۔ سورۃ ن۔

☆☆☆☆☆

سوال: "زُمَر" کسے کہتے ہیں؟

جواب: گروہ در گروہ۔ جماعت۔ جم غفیر

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ الزمر میں پہلے کس زمرے کا حال بتایا گیا ہے؟

جواب:وَ سِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا (الزمر:71) اور کافروں کو گروہ در گروہ جہنم کی طرف ہانکا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ غافر کو سورت مومن کہنے کی وجہ کیا ہے؟

آیت 28 میں ایک مومن کا ذکر ہے جس نے فرعون کے دربار میں موسیٰ علیہ السلام کی کھل کر حمایت کی۔اس کی مناسبت سے اس سورۃ کا نام "المومن" ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال:قرآن مجید کی چالیسویں سورت کا نام کیا ہے؟

جواب:سورۃ غافر

☆☆☆☆☆

سوال:دربار فرعون میں مومن نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی حمایت میں کیا کہا؟

وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ (غافر:28) اور فرعون کی قوم میں سے ایک ایمان دار آدمی نے کہا جو اپنا ایمان چھپائے تھا کہ کیا تم ایسے آدمی کو قتل کرتے ہو جو یہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال:فصلت کا کلمہ کس آیت میں ہے؟

جواب: كِتَـٰبٌ فُصِّلَتْ ءَايَـٰتُهُۥ قُرْءَانًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَعْلَمُونَ(فصلت:3)

"(ایسی) کتاب ہے جس کی آیتوں کی واضح تفصیل کی گئی ہے (اس حال میں کہ) قرآن عربی زبان میں ہے اس قوم کے لیے جو جانتی ہے."

☆☆☆☆☆

سوال:زُخرُف کا مطلب کیا ہے؟

جواب: سونا، زینت و سجاوٹ، زیبائش، کسی چیز کا انتہائی حسن و دل کشی، سامانِ زینت، باطل و بے حقیقت چیز، ملمع کی ہوئی چیز کے ہیں.

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی تینتالیسویں سورت کا نام کیا ہے؟

جواب:سُورَۃُالزُّخرُف

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں "حم" سے شروع ہونے والی ساتویں سورت کون سی ہے؟

جواب:سُورَۃُالاَحقَاف.

☆☆☆☆☆

سوال: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم مبارک کس آیت میں ہے؟

جواب: سورۃ محمد:2

وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ وَءَامَنُواْ بِمَا نُزِّلَ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَهُوَ ٱلْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّـَٔاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ

"اور جو لوگ ایمان لائے اور اچھے کام کیے اور اس پر بھی ایمان لائے جو محمد ﴿صلی اللہ علیہ وسلم﴾ پر اتاری گئی ہے اور دراصل ان کے رب کی طرف سے سچا (دین) بھی وہی ہے، اللہ نے ان کے گناہ دور کر دیئے اور ان کے حال کی اصلاح کر دی."

☆☆☆☆☆

سوال: نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم مبارک سے موسوم قرآن مجید میں کون سی سورت ہے؟

جواب: سُورَۃُ مُحَمَّد۔

قرآن مجید کی سینتالیسویں سورت۔

☆☆☆☆☆

سوال: إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِينًا (سورۃ الفتح:1)

"بے شک ہم نے آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو کھلم کھلا فتح دی۔"

☆☆☆☆☆

سوال: کس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اونٹنی پر سوار "سورۃ الفتح" کو بآواز بلند تلاوت فرما رہے تھے؟

جواب: فتح مکہ کے دن۔

☆☆☆☆☆

سورۃ الحجرات کے دوسرے نام کون سے ہیں؟

جواب: سُورَۃ الاَخلَاق اور سُورَۃُ الآدَاب۔

☆☆☆☆☆

سوال: "الحُجُرات" کا کیا مطلب ہے؟

جواب: حجرات کا معنی "حجرے اور کمرے" ہیں.

☆☆☆☆☆

سوال: مفصلات کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب:

1۔ طِوال: سورۃ حجرات سے سورۃ بروج۔

2۔ اوساط: سورۃ طارق سے سورۃ البینۃ۔

3۔ قِصار: سورۃ الزلزال سے سورۃ الناس۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ ق کی ابتدا کس کی عظمت کی قسم سے ہوتی ہے؟

جواب: قرآن مجید کی۔

ق وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيدِ(ق:1)

ق۔ قسم ہے قرآن مجید کی۔

☆☆☆☆☆

سوال: ترتیب توقیفی کے مطابق قرآن مجید کی پچاسویں سورت کا نام کیا ہے؟

جواب: سُورَۃُ ق

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الذاریات کا نام کس آیت سے ماخوذ ہے؟

جواب: وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا (١)

"قسم ہے بکھیرنے والیوں کی اڑا کر۔"

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الذاریات کے بعد والی قرآنی سورت کا نام کیا ہے؟

جواب: سورۃ الطور.

☆☆☆☆☆

سوال: کیا آپ قرآن مجید کی سورت اکیاون تا ترپن کے ناموں سے ایک تصویر بنا سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔

ہوائیں بیج بکھیرتی ہوئی۔ پہاڑ پر جلوہ۔ آسمان پر ستارا۔ چمکتا اور دو ٹکڑے ہوتا ہوا چاند۔ سب کچھ رحمان کی تخلیق۔

☆☆☆☆☆

سوال: "الذاریات" کا مطلب کیا ہے؟

جواب: گرد اڑانے والی ہوا۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی وہ واحد سورت جس میں اللہ تعالی کا صفاتی نام "الرَّزَّاق" (رزق دینے والا) آیا ہے۔ کون سی ہے؟

جواب: سُورَۃُ الذّٰارِیَات.

☆☆☆☆☆

سوال: متقین جنت میں کس مجلس میں ہوں گے؟

جواب: فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ۠ (القمر:55) "سچ کی مجلس میں عظیم قدرت والے بادشاہ کے حضور۔"

☆☆☆☆☆

سورۃ الرحمن میں "اکتیس مرتبہ "کون سی آیت آئی ہے؟

جواب:فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ۔ پس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاوگے۔

☆☆☆☆☆

سوال:"واقعہ "کا مطلب کیا ہے؟

جواب:حادثہ

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ الواقعۃ کا نام کس آیت میں ہے؟

جواب:اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ(الواقعۃ:1)

جب واقع ہونے والی واقع ہو گی۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورت کا نام "الحدید "کس آیت سے ماخوذ ہے؟

جواب:وَاَنْزَلْنَا الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ اِنَّ اللّٰهَ قَوِىٌّ عَزِيْزٌ(25)"اور ہم نے لوہا بھی اتارا جس میں سخت جنگ کے سامان اور لوگوں کے فائدے بھی ہیں اور تاکہ اللہ معلوم کرے کہ کون اس کی اور اس کے رسولوں کی غائبانہ مدد کرتا ہے، بے شک اللہ بڑا زور آور غالب ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ المجادلۃ کی بائیس آیتوں میں اسم جلالۃ کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب:چالیس مرتبہ۔

☆☆☆☆☆

سوال: کس سورت کی ہر آیت میں "اللہ" کا ذاتی نام موجود ہے؟

جواب:سورۃ المجادلۃ.

☆☆☆☆☆

سوال:الحشر کا مطلب کیا ہے؟

جواب:

1۔بے دخل ہونا،قبضہ،تسلط یا حکومت ختم ہونا

2۔ ہجوم،برا انجام،کہرامِ قیامت،روز حساب،بھونچال (قیامت کی علامات میں سے ایک علامت)۔

☆☆☆☆☆

سوال:کائنات بھر کی صورت گری کس نے کی ہے؟

جواب:هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ج يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (الحشر:24)

وہی اللہ ہے پیدا کرنے والا، ٹھیک ٹھیک بنانے والا، صورت دینے والا، اس کے اچھے اچھے نام ہیں، سب چیزیں اسی کی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں، اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: کیا اللہ تعالی کی صفت "المومن" بھی ہے؟

جی ہاں۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ‌ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ‌ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ (الحشر:23)

وہی اللہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بادشاہ، پاک ذات، سلامتی والا، امن دینے والا، نگہبان، غالب، زبردست، بڑی عظمت والا ہے، اللہ پاک ہے اس سے جو اس کے شریک ٹھہراتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الممتحنۃ کا آغاز کس سے ہوتا ہے؟

جواب: اسلوب نداء سے: يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ۔ اے ایمان والو۔

☆☆☆☆☆

سوال: الممتحنۃ کا مطلب کیا ہے؟

جواب: 1۔ "المُمتَحَنَة": عورت جس کا امتحان لینے کے سبب یہ سورت نازل ہوئی۔

2۔ "المُمتَحِنَة": امتحان لینے والی سورت۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی ساٹھویں سورت کا نام کیا ہے؟

جواب: سورۃ الممتحنۃ۔

☆☆☆☆☆

سوال: کسی بھی سورت کی پہلی طویل آیت کون سی ہے؟

جواب: سورۃ الممتحنۃ کی پہلی آیت:

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ لَا تَتَّخِذُوا۟ عَدُوِّي وَعَدُوَّكُمْ أَوْلِيَآءَ تُلْقُونَ إِلَيْهِم بِٱلْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوا۟ بِمَا جَآءَكُم مِّنَ ٱلْحَقِّ يُخْرِجُونَ ٱلرَّسُولَ وَإِيَّاكُمْ أَن تُؤْمِنُوا۟ بِٱللَّهِ رَبِّكُمْ إِن كُنتُمْ خَرَجْتُمْ جِهَـٰدًا فِي سَبِيلِي وَٱبْتِغَآءَ مَرْضَاتِي تُسِرُّونَ إِلَيْهِم بِٱلْمَوَدَّةِ وَأَنَا۠ أَعْلَمُ بِمَآ أَخْفَيْتُمْ وَمَآ أَعْلَنتُمْ وَمَن يَفْعَلْهُ مِنكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ ٱلسَّبِيلِ۔

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! میرے اور (خود) اپنے دشمنوں کو اپنا دوست نہ بناؤ تم تو دوستی سے ان کی طرف پیغام بھیجتے ہو اور وہ اس حق کے ساتھ جو تمہارے پاس آ چکا ہے کفر کرتے ہیں، پیغمبر کو اور خود تمہیں بھی محض اس وجہ سے جلاوطن کرتے ہیں کہ تم اپنے رب پر ایمان رکھتے ہو، اگر تم میری راہ میں جہاد کے لیے اور میری رضا مندی کی طلب میں نکلتے ہو (تو ان سے دوستیاں نہ کرو)، تم ان کے پاس محبت کا پیغام پوشیدہ پوشیدہ بھیجتے ہو اور مجھے خوب معلوم ہے جو تم نے چھپایا اور وہ بھی جو تم نے ظاہر کیا، تم میں سے جو بھی اس کام کو کرے گا وہ یقیناً راہ راست سے بہک جائے گا.

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الممتحنۃ کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: سُورَۃُ الاِمتِحَان اور سُورَۃُ المَوَدَّۃ۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی اکسٹھویں سورت کن لوگوں کی قطار سے موسوم ہے؟

جواب: "سُورَۃُ الصَّف" میں قتال فی سبیل اللہ کرنے والوں کی صف کا بیان ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: "قتال فی سبیل اللہ" کرنے والوں کی صف کی خوبی کیا ہے؟

جواب: إِنَّ ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلَّذِينَ يُقَٰتِلُونَ فِي سَبِيلِهِۦ صَفًّا كَأَنَّهُم بُنْيَٰنٌ مَّرْصُوصٌ (الصف:4)

"بیشک اللہ تعالیٰ ان لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اس کی راہ میں صف بستہ جہاد کرتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہیں۔"

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الصف میں کس رویے کو اللہ تعالیٰ نے سخت ناپسندیدہ قرار دیا؟

جواب: كَبُرَ مَقْتًا عِندَ ٱللَّهِ أَن تَقُولُواْ مَا لَا تَفْعَلُونَ (الصف:3) تم جو کرتے نہیں اس کا کہنا اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الجمعۃ میں کس جانور کی مثال دی گئی ہے؟

جواب: مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ۭ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ (5) "ان لوگوں کی مثال جنھیں تورات اٹھوائی گئی پھر انہوں نے اسے نہ اٹھایا (اس) گدھے کی سی مثال ہے جو کتابیں اٹھاتا ہے، ان لوگوں کی بہت بری مثال ہے جنھوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا۔"

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الجمعۃ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کون سے فرائض بتائے گئے ہیں؟

جواب: هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۤ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (2) "وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں ایک رسول انہیں میں سے مبعوث فرمایا جو ان پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب اور حکمت سکھاتا ہے، اور بے شک وہ اس سے پہلے صریح گمراہی میں تھے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الجمعۃ کی گیارہ آیات کتنے حصوں میں نازل ہوئیں؟

جواب: پوری سورت یعنی گیارہ آیات یکبارگی نازل ہوئیں۔

☆☆☆☆☆

سوال: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز جمعہ میں اکثر کن سورتوں کی تلاوت فرماتے؟

جواب: سورۃ الجمعۃ اور سورۃ المنافقون کی۔

☆☆☆☆☆

سورۃ الجمعۃ اور سورۃ المنافقون کی آیتوں میں کیا خوبی مشترک ہے؟

جواب: دونوں سورتوں کی گیارہ گیارہ آیات ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال: منافقین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا کہتے؟

جواب: إِذَا جَآءَكَ ٱلْمُنَٰفِقُونَ قَالُوا۟ نَشْهَدُ إِنَّكَ لَرَسُولُ ٱللَّهِ ۗ وَٱللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُولُهُۥ وَٱللَّهُ يَشْهَدُ إِنَّ ٱلْمُنَٰفِقِينَ لَكَٰذِبُونَ (المنافقون:1)

تیرے پاس جب منافق آتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم اس بات کے گواہ ہیں کہ بیشک آپ اللہ کے رسول ہیں، اور اللہ جانتا ہے کہ یقیناً آپ اس کے رسول ہیں اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ منافق قطعاً جھوٹے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ التغابن کا نام کس آیت سے ماخوذ ہے؟

جواب: يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذَٰلِكَ يَوْمُ التَّغَابُنِ ۔"وہ اجتماع کے دن تمہیں جمع کرے گا، یہی دن ہے ایک دوسرے پر غلبہ پانے کا۔" **(التغابن:09)**

☆☆☆☆☆

سوال:"یوم التَّغَابُن" کس کا نام ہے؟

جواب: قیامت کا۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی پینسٹھویں سورت کا نام کیا ہے؟

جواب: سُورَةُ الطَّلَاق۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الطلاق مقصد کیا ہے؟

جواب: مفارقت میں حسن تدبیر۔

علیحدگی میں بھی تہذیب اور اخلاق پر عمل۔

مشکلات کا حل طلاق سے کرنا مگر اخوت اسلامی کو نہ چھوڑنا۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ التحریم کے دیگر نام کون سے ہیں؟

جواب: سُورَةُ النَّبي اور سُورَةُ اللّم تُحَرِّم۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ التحریم کا نام کس آیت میں ہے؟

جواب: يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ تَبْتَغِي مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ (التحریم:1) اے نبی! تو کیوں حرام کرتا ہے جو اللہ نے تیرے لیے حلال کیا ہے؟ تو اپنی بیویوں کی خوشی چاہتا ہے، اور اللہ بہت بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: الملک کا مطلب کیا ہے؟

جواب: بادشاہی۔ قبضہ۔ قدرت۔

☆☆☆☆☆

سوال: کائنات پر کس کی بادشاہی ہے؟ آیت بتایئے

جواب: تَبَٰرَكَ ٱلَّذِي بِيَدِهِ ٱلْمُلْكُ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (الملک:1) "بہت بابرکت ہے وہ (اللہ) جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے اور جو ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی واحد سورت جو اللہ تعالی کے صفاتی نام سے ہے کون سی ہے؟

جواب: سُورَۃُ الرَّحمٰن.

☆☆☆☆☆

سوال: کس سورت کے آغاز میں قلم کی قسم اٹھائی گئی ہے؟

جواب: سُورَةُ القَلَم۔

☆☆☆☆☆

سوال: حاسدانہ نظروں کے اثرات کے بارے میں سورہ القلم میں کیا ارشاد ہے؟

جواب: اِن يَكَادُ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ لَيُزۡلِقُونَكَ بِأَبۡصَٰرِهِمۡ لَمَّا سَمِعُواْ ٱلذِّكۡرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُۥ لَمَجۡنُونٞ(51).

"اور قریب ہے کہ کافر اپنی تیز نگاہوں سے آپ کو پھسلا دیں، جب کبھی قرآن سنتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں یہ تو ضرور دیوانہ ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کے بارے میں اللہ تعالی نے کیا فرمایا؟

جواب: وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ (القلم:4)

اور بے شک آپ اخلاق کے اعلی درجے پر فائز ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کے بارے میں اللہ تعالی نے کیا فرمایا؟

جواب: وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ (القلم:4)

"اور بے شک آپ اخلاق کے اعلی درجے پر فائز ہیں۔"

☆☆☆☆☆

سوال: الحاقۃ کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب: سُورَۃُ السِّلسلۃ۔(فِي سِلْسِلَةٍ ذَرْعُها سبْعُون ذراعًا فَاسلُكُوه)(الحاقۃ:32) پھر ایسی زنجیر میں جکڑ دو جس کی لمبائی ستر ہاتھ ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: المعارج کا لفظ کس آیت میں ہے؟

جواب: مِّنَ اللّٰهِ ذِى الۡمَعَارِجِ (3)

"وہ(عذاب) اللہ کی طرف سے واقع ہو گا جو سیڑھیوں کا(یعنی آسمانوں کا) مالک ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: جہنم کی منہ اور سر سے کھال کھینچنے والی آگ سے کون بچے گا؟

جواب: 1۔ نماز ادا کرنے والے 2۔ نماز کے پابند

3۔ اپنے مال سے سوال کرنے والے اور محروم کے حصے مقرر کرنے والے

4۔ جزا کے دن کو ماننے والے 5۔ رب کے عذاب سے ڈرنے والے 6۔ شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے۔(ماسوائے بیوی اور لونڈی) 7۔ امانتدار

8۔ عہد کے پاسدار

9۔ گواہی پر قائم

10۔ نماز کی حفاظت کرنے والے (المعارج)

☆☆☆☆☆

سوال: "المعارج" کا مطلب کیا ہے؟

جواب: معراج: سیڑھی، آسمان پر چڑھنے کا ذریعہ، سواری۔ اس کی جمع معارج و معاریج ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ النوح کی آخری آیت میں کیا مانگا گیا ہے؟

جواب: رَّبِّ ٱغْفِرْ لِي وَلِوَٰلِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَٱلْمُؤْمِنَٰتِ ۖ وَلَا تَزِدِ ٱلظَّٰلِمِينَ إِلَّا تَبَارًۢا (النوح:28) "اے میرے پروردگار! تو مجھے اور میرے ماں باپ اور جو بھی ایمان کی حالت میں میرے گھر میں آئے اور تمام مومن مردوں اور عورتوں کو بخش دے اور کافروں کو سوائے بربادی کے اور کسی بات میں نہ بڑھا۔"

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ النوح کا موضوع کیا ہے؟

جواب: دعوت الی اللہ۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ النوح کی آخری آیت میں کیا مانگا گیا ہے؟

جواب: رَّبِّ ٱغْفِرْ لِي وَلِوَٰلِدَيَّ وَلِمَن دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَٱلْمُؤْمِنَٰتِ ۖ وَلَا تَزِدِ ٱلظَّٰلِمِينَ إِلَّا تَبَارًا (النوح:28) اے میرے پروردگار! تو مجھے اور میرے ماں باپ اور جو بھی ایمان کی حالت میں میرے گھر میں آئے اور تمام مومن مردوں اور عورتوں کو بخش دے اور کافروں کو سوائے بربادی کے اور کسی بات میں نہ بڑھا۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن سن کر جنوں نے کس بات کا اقرار کیا؟

جواب: شرک سے بیزاری۔

يَهْدِيَ إِلَى الرُّشْدِ فَآمَنَّا بِهِ ۖ وَلَنْ نُشْرِكَ بِرَبِّنَا أَحَدًا (الجن:2) (قرآن) جو نیکی کی طرف رہنمائی کرتا ہے سو ہم اس پر ایمان لائے ہیں، اور ہم اپنے رب کا کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں گے۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں سورۃ نوح کے بعد کون سی سورت ہے؟

جواب: سورۃ الجن۔

☆☆☆☆☆

سوال: جنوں کے قرآن مجید سننے اور ایمان لانے کا قصہ کس سورت میں ہے؟

جواب: سورۃ الجن میں۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں تہتر نمبر پر موجود سورت کا نام کیا ہے؟

جواب: سورَۃُ المُزَمّل۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورت مزمل میں تہجد کی نماز کا کیا فائدہ بتایا گیا ہے؟

جواب: اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْئًا وَّاَقْوَمُ قِيْلًا (المزمل:6) "بے شک رات کا اٹھنا نفس کو خوب زیر کرتا ہے اور بات بھی صحیح نکلتی ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال:المزمل کا کیا مطلب ہے؟

جواب:مُزّمّل وہ شخص جو سونے یا سردی سے بچنے کیلیئے اپنے آپ کو کپڑے یا کسی اور چیز سے لپیٹ لے۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورت مدثر میں جہنم کا کیا نام لیا گیا ہے؟

جواب:سقر (المدثر:26)

☆☆☆☆☆

سوال:اللہ تعالیٰ نے مجرمین کی مثال کس جانور سے دی ہے؟

جواب: كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ (المدثر:50) گویا کہ وہ بدکنے والے گدھے ہیں۔

فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ (51) جو شیر سے بھاگے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورت مدثر کے آغاز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کن کاموں کا حکم ملا؟

جواب:انذار۔اعلان تکبیر۔کپڑوں کی طہارت۔گندگی وناپاکی سے دوری۔زیادہ حاصل کرنے کے لیے احسان نہ جتلانا اور صبر کرنا۔

☆☆☆☆☆

سوال:اللہ تعالیٰ نے مجرمین کی مثال کس جانور سے دی ہے؟

جواب: كَأَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنفِرَةٌ (المدثر:50) گویا کہ وہ بدکنے والے گدھے ہیں۔

فَرَّتْ مِن قَسْوَرَةٍ (51) جو شیر سے بھاگے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ القیامۃ میں موت کے وقت کس عضو کا منظر بتایا گیا ہے؟

جواب:وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ (29)إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ (30) اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی۔اس دن تمہارے پروردگار کی طرف کھینچ کر جانا ہو گا۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورت مرسلات میں قیامت کے حالات بیان کرنے کے لیے کس آیت کی تکرار کی گئی ہے؟

جواب:آیت(وَيْلٌ يَوْمَئِذٍ لِلْمُكَذِّبِينَ)کی دس دفعہ تکرار کی گئی۔

☆☆☆☆☆

سوال:"النبأ" کہلانے کی خصوصیات کیا ہیں؟

جواب:1. خبر "متواتر" ہو یعنی جھوٹ کا شائبہ بھی نہ ہو۔

2. اللہ تعالیٰ نے اس کی خبر دی ہو.

3۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی خبر دی ہو۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ النازعات میں اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کے بارے میں کیا فرمایا؟

ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ۚ بَنٰهَا(27)"کیا تمہارا بنانا بڑی بات ہے یا آسمان کا جس کو ہم نے بنایا ہے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: تکویر کا معنی کیا ہے؟

جواب: لپیٹنا

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ(تکویر:1) جب سورج کو لپیٹ دیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

سوال: البروج کسے کہتے ہیں؟

جواب: 1. بلند اور نمایاں،

2. ستارے اور سیارے،

3. پہلے آسمان کے وہ دروازے جن سے فرشتے زمین پر اترتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کو یاد رکھنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کن الفاظ سے تسلی دی؟

جواب: سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى (الاعلیٰ:6)"ہم آپ کو پڑھائیں گے پھر آپ نہ بھولیں گے۔"

☆☆☆☆☆

سوال: "الغاشیۃ" کس کا نام ہے اور اس کا مطلب کیا ہے؟

جواب: قیامت کا نام ہے۔ مطلب ہے ڈھانک لینے والی۔ چھپا لینے والی۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الغاشیۃ میں بلند و بالا جنتوں میں پہنچ جانے والوں کے لیے کیا خوشخبری ہے؟

جواب: فِي جَنَّةٍ عَالِيَةٍ (10) بلند و بالا جنتوں میں ہوں گے .

لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَاغِيَةً (11) جہاں کوئی بیہودہ بات نہیں سنیں گے.

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الفجر کے مطابق جہنم میں داخل ہونے والے کیا کہیں گے؟

جواب: يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي (الفجر:24) وہ کہے گا کہ کاش! میں نے اپنی (اس) زندگی کیلئے کچھ آگے بھیجا ہوتا۔

☆☆☆☆☆

سوال: "بلد" کا معنی کیا ہے؟

جواب: شہر۔ سرزمین۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ البلد میں شہر مکہ کی عظمت کن الفاظ میں بتائی گئی؟

جواب: لَآ أُقۡسِمُ بِهَـٰذَا ٱلۡبَلَدِ(1)"میں اس شہر کی قسم کھاتا ہوں."

وَأَنتَ حِلُّۢ بِهَـٰذَا ٱلۡبَلَدِ(2)اور آپ (سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اس شہر میں مقیم ہیں ."

☆☆☆☆☆

سوال: "سورۃ البلد" میں انسانی تخلیق بارے میں کیا کہا گیا؟

جواب: لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنسَانَ فِي كَبَدٍ(4) یقیناً ہم نے انسان کو محنت و مشقت کیلئے پیدا کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سُورَةُ الشَّمْسِ کس کی قسم اٹھائی ہے؟

جواب: 1. سورج اور اس کی روشنی۔ 2. چاند کے سورج کے پیچھے آنے کی۔ 3. روشن دن۔ 4. رات کی تاریکی۔ 5. آسمان اور جس نے اسے تخلیق کیا۔ 6. زمین اور اس کے بچھانے والے کی۔ 7. نفس اور اسے توازن سے پیدا کرنے والے کی۔

☆☆☆☆☆

سوال: رسول اللہ صلی اللہ علیہ و علی آلہ وسلم کے فرمان کے مطابق جو اس دنیا میں قیامت کے دن کے منظر کی تصویر دیکھنا چاہے تو اسے کیا کرنا چاہیے؟

جواب: وہ سورۃ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ اور سورۃ اِذَا السَّمَآءُ انفَطَرَتْ اور سورۃ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ کی تلاوت کرے.

☆☆☆☆☆

سوال:ترتیب مصحف میں بانوے نمبر کی سورت کا آغاز کس وقت کی قسم سے ہوتا ہے؟

جواب:رات کی قسم سے

وَٱلَّيۡلِ إِذَا يَغۡشَىٰ (اللیل:1)"قسم ہے رات کی جب چھا جائے".

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ اللیل کے مطابق کون سے عمل پر رب کی رضا ملنے کی امید ہے؟

جواب:اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى (20)وہ تو صرف اپنے سب سے برتر رب کی رضامندی چاہنے کے لیے(مال) دیتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ اللیل میں کون سے متضاد الفاظ کا بیان ہے؟

جواب:1.رات،دن.

2.تاریکی،روشنی

3.نر،مادہ

4.عطا،بخل

5.پرہیز گاری،بے پروائی

6.تصدیق،جھٹلانا

7. آسانی، تنگی

8. آخرت، دنیا

9. جہنم کی بھڑکتی آگ، رب کی رضامندی اور خوشی

☆☆☆☆☆

سوال: والضحی کا کیا مطلب ہے؟

جواب: دن کی روشنی

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ الضحي میں چھے مرتبہ آنے والی مخاطب کی ضمیر بتائیے؟

جواب: کَ: تجھے (یعنی محمد رسول اللہ۔ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)۔

☆☆☆☆☆

سوال: "انشراح" کا کیا معنی ہے؟

جواب: کھلنا، کشادہ ہونا، کشادگی۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورت الانشراح میں موجود قرآنی ضرب المثل بتائیے۔

جواب: فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا (5) پس بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورت الانشراح کے مطابق اللہ تعالیٰ نے کس کا ذکر بلند کر دیا ہے؟

جواب:وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ(4)اور ہم نے آپ (سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم)کا ذکر بلند کر دیا۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورت الانشراح میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا کرنے کا حکم دیا؟

جواب:فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ(7)پس جب آپ فارغ ہوں تو ریاضت کیجیے۔وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ(8)

اور اپنے رب کی طرف دل لگائیے۔

☆☆☆☆☆

سوال:قرآن مجید میں "التین"(انجیر)اور زیتون کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب:التین کا ایک مرتبہ

الزیتون کا سات مرتبہ۔

☆☆☆☆☆

سوال:"علق"کا کیا معنی ہے؟

جواب:جما ہوا خون.

☆☆☆☆☆

سوال: پہلی وحی میں سورت علق کی کتنی آیات نازل ہوئیں؟

جواب: پہلی پانچ آیات

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ »(العلق:1) سے «عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ »(العلق:5) تک

☆☆☆☆☆

سوال: سورت علق میں نبی کریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلانے اور ان سے منہ موڑنے والے کو اللہ کی طرف سے کیا وعید ملی ہے۔؟

جواب: كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ(العلق:15) ہرگز ایسا نہیں چاہیے، اگر وہ باز نہ آیا تو ہم پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے۔

☆☆☆☆☆

سوال: لیلۃ القدر کا کیا معنی ہے؟

جواب: بلندی و منزلت والی رات۔ قسمتوں کو بنانے اور بگاڑنے کی رات۔

☆☆☆☆☆

سوال: لیلۃ القدر کس سے بہتر ہے؟

جواب: لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ(القدر:3)

شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ البینۃ میں بینہ یعنی دلیل و حجت کی حیثیت سے کسے پیش کیا ہے؟

جواب: قرآن اور صاحبِ قرآن صلی اللہ علیہ وسلم کو.

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ البینۃ کا نام کس آیت سے ماخوذ ہے؟

جواب: لَمۡ يَكُنِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ مِنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ وَٱلۡمُشۡرِكِينَ مُنفَكِّينَ حَتَّىٰ تَأۡتِيَهُمُ ٱلۡبَيِّنَةُ (البینة:1)

"اہل کتاب کے کافر اور مشرک لوگ جب تک کہ ان کے پاس ظاہر دلیل نہ آجائے باز رہنے والے نہ تھے".

☆☆☆☆☆

سوال: سورۃ البینۃ کے مطابق اہل کتاب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل کیا حکم دیا گیا تھا؟

جواب: وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاءَ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَذَلِكَ دِينُ الْقَيِّمَةِ (البینة:)

انہیں ماسوائے اس کے کوئی حکم نہ دیا گیا تھا کہ وہ اللہ کی عبادت کریں، دین کو اللہ کے لیے خالص کر لیں، اس کی طرف یکسو و یک رخ ہو جائیں، نماز صحیح صحیح پڑھیں، زکوۃ ادا کریں اور سیدھی سیدھی مستقیم باتوں والا دین (دین القیمہ) یہی ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: کس چیز نے انسان کو مقصد سے غافل کر رکھا ہے؟

جواب: أَلْهَىٰكُمُ ٱلتَّكَاثُرُ (التکاثر:1) زیادتی کی چاہت نے تمہیں غافل کر دیا.

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید میں ایک سو تین نمبر پر کون سی سورت ہے؟

جواب: "والعصر"

☆☆☆☆☆

سوال: وَالْعَصْرِ سے کیا مراد ہے؟

جواب: تیزی سے گزرنے والا زمانہ گواہ ہے اور گواہی دے رہا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورت الفیل کا نام کس آیت سے ماخوذ ہے؟

جواب: أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَٰبِ ٱلْفِيلِ (الفیل:1)

"کیا تو نے نہ دیکھا کہ تیرے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟"

☆☆☆☆☆

سوال: سورت کوثر کا نام کس آیت سے ماخوذ ہے؟

جواب: إِنَّآ أَعْطَيْنَٰكَ ٱلْكَوْثَرَ (الکوثر:1) یقیناً ہم نے تجھے (حوض) کوثر (اور بہت کچھ) دیا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورت نصر میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا حکم دیا؟

جواب:فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا(النصر:3)تو اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجیے اور اس سے معافی مانگیے، بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ العادیات کے مطابق انسان کیسا ہے؟

جواب:اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ (6) بے شک انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال:سورۃ قریش کی چاروں آیات کس کے بارے میں ہیں؟

جواب:نبی کریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قبیلے قریش کے بارے میں ہیں۔

☆☆☆☆☆

سوال:اَرَاَيْتَ الَّذِىْ يُكَذِّبُ بِالدِّيْنِ (الماعون:1)میں دین سے کیا مراد ہے؟

جواب:1۔حاکمیت الٰہی۔2۔انسان کی بندگی۔3۔جزا وسزا کا قانون۔4۔ قانون کے نفاذ کی قدرت۔

☆☆☆☆☆

سوال:قرآن مجید کی ایک سو گیارہویں سورت کا نام کس آیت سے ماخوذ ہے؟

جواب:تَبَّتْ يَدَآ اَبِىْ لَهَبٍ وَّتَبَّ(اللھب:1)ابو لہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ گئے اور وہ ہلاک ہو گیا۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورت اخلاص ہمیں کس چیز کی تعلیم دیتی ہے؟

جواب: عقیدہ توحید کی

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ٥ اللّٰهُ الصَّمَدُ ٥ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ٥ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ٥

"(اے نبی) آپ فرما دیجئے: وہ اللہ ہے جو یکتا ہے۔ اللہ سب سے بے نیاز ہے نہ اس سے کوئی پیدا ہوا ہے اور نہ ہی وہ پیدا کیا گیا ہے اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: قرآن مجید کی کس سورت کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تہائی قرآن کے برابر قرار دیا؟

جواب: (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) سورت اخلاص۔

☆☆☆☆☆

سوال: مُعَوِّذَتَیْن کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: سورۃ الناس اور سورۃ الفلق کو مُعَوِّذَتَیْن کہا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆

سوال: سورت الناس میں کس کی پناہ میں آنے کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب: انسانوں کے رب، بادشاہ اور معبود حقیقی یعنی اللہ تبارک و تعالیٰ کی پناہ میں۔

☆☆☆☆☆

الحمدلله بنعمته تتم الصالحات۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قرآن مجید کی ایک سو چودہ سورتوں کے ناموں اور چیدہ چیدہ معلومات پر بچوں کے لیے مختصر سوالات مکمل ہو گئے۔